انجمن بہبودی مریضاں دینہ کا اجلاس۔ مجموعی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی

انجمن کا خدمت خلق کے مشن کا مقاصد حاصل نہیں ہو رہے مریضوں سے ناروا سلوک کیا جا رہا ہے، لالہ محمد رزاق

اجلاس کی صدارت حاجی محمد اقبال نے کی حاجی محمد حسین، حاجی چوہدری محمد اشرف، حاجی محمد امین، ڈاکٹر شوکت محمود سمیت ممبران نے بھرپور شرکت کی

دینہ (افتخار احمد مغل) انجمن بہبودی مریضاں رجسٹرڈ دینہ پاکستان ڈنمارک جس کے سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اقبال آف ڈنمارک ہیں کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت حاجی چوہدری محمد اشرف صدر انجمن و تحصیل نائب ناظم ڈاکٹر شوکت محمود ڈی ایچ او جنرل سیکرٹری کے دفتر میں منعقد ہوا، جس میں انجمن بہبودی مریضاں کی مجموعی کارکردگی خاص اقبال آئی بلاک مریضوں کو پیش آنے والی مشکلات کے جائزہ پر لالہ محمد رزاق نائب صدر اول جنرل کونسلر نے ممبران اجلاس کو مریضوں کے ساتھ ہونے والے سلوک سے تفصیلاً آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے نزدیک جس مقصد و خدمت کے لئے قیام عمل میں لایا گیا ہے وہ حاصل نہ ہو رہا ہے ایک کثیر رقم لگا کر کسی کے حوالہ کر دینا کوئی دانشمندی کی بات نہ ہے، ہسپتال میں مریضوں سے جو سلوک ہوتا ہے اس سے کون واقف نہ ہے، اس موقع پر حاجی محمد حسین، حاجی چوہدری محمد اشرف آف ٹھکریاں، حاجی محمد امین، ڈاکٹر شوکت محمود، ڈاکٹر فرمان احمد، چوہدری محمد محبوب بٹ، حاجی طارق محمود وڑائچ، حاجی محمد اقبال، چوہدری فضل حسین، حاجی افتخار بٹ نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔